# شکاگو دفتر برائے محنت کے معیارات

## بامعاوضہ چھٹی اور بامعاوضہ بیماری کی چھٹی

اس آرڈیننس کے نفاذ کی تاریخ **پیر، 1 جولائی 2024** ہے۔ آجروں سے کسی ملازم کی پسند پر کسی بھی وجہ سے استعمال کرنے کے لیے بامعاوضہ چھٹی اور کسی ملازم کے لیے خود اپنی یا فیملی ممبر کی دیکھ بھال کے واسطے استعمال کرنے کے لیے بامعاوضہ بیماری کی چھٹی فراہم کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔

### بامعاوضہ چھٹی

- کیے گئے کام کے ہر 35 گھنٹے کے لیے 1 گھنٹے کی بامعاوضہ چھٹی (12 ماہ کی مدت میں 40 گھنٹے (5 دن) تک)
- کسی بھی وجہ سے استعمال کی جا سکتی ہے لیکن آجر کی طرف سے منع کیا جا سکتا ہے
- 1 جولائی 2024 کے 90 دن بعد، یا ملازمت شروع ہونے کے بعد (جو بھی بعد میں ہو) استعمال کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں
- اقل استعمال میں اضافہ 4 گھنٹے سے تجاوز نہ کرے

### بیماری کی چھٹی

- کیے گئے کام کے ہر 35 گھنٹے کے لیے 1 گھنٹے کی بامعاوضہ بیماری چھٹی (12 ماہ کی مدت میں 40 گھنٹے (5 دن) تک)
- بیماری سے صحت یاب ہونے، فیملی ممبر کی دیکھ بھال کرنے، گھریلو تشدد کو نمٹانے، اور صحت عامہ کے ہنگامی حالت کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے
- 1 جولائی 2024 کے 30 دن بعد، یا ملازمت شروع ہونے کے بعد (جو بھی بعد میں ہو) استعمال کی جا سکتی ہے
- اقل استعمال میں اضافہ 2 گھنٹے سے تجاوز نہ کرے

### کیری اوور

- بامعاوضہ چھٹی کے 16 گھنٹے تک (اگر فرنٹ لوڈڈ نہ ہو)
- بامعاوضہ بیماری کی چھٹی کے 80 گھنٹے تک (اگر وقت جمع شدہ ہے یا فرنٹ لوڈڈ ہے)

### $ پے آؤٹ

- بامعاوضہ بیماری کی چھٹی کے لیے مطلوب نہیں ہے
- بامعاوضہ چھٹی
  - بڑے آجرں (+101 محیط ملازمین) کے لیے مطلوب ہے
  - 2 دن (16 گھنٹے) متوسط آجروں (51-101 محیط ملازمین) کے لیے 1 جولائی 2025 تک، اس تاریخ کے بعد مطلوب ہے
  - چھوٹے آجروں (1-50 محیط ملازمین) کے لیے مطلوب نہیں ہے


Office of Labor Standards
2350 W. Ogden Avenue, 2nd Floor
Chicago, Illinois 60608
Chicago.gov/LaborStandards

BACP
Business Affairs and Consumer Protection

رابطہ کریں:
bacplaborstandards@cityofchicago.org
(312) 744 - 2211
ہر محنت قانون کے لیے معلومات تلاش کرنے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں:


# فرہنگ بامعاوضہ چھٹی اور بامعاوضہ بیماری کی چھٹی

## سٹی کے آرڈیننسز

**بامعاوضہ چھٹی:** *بامعاوضہ چھٹی کی ضرورت ہے جو کسی وجہ سے استعمال کرنی ہے **(MCC 6-130)***
آجروں کو 120 دن کی کسی بھی مدت کے اندر کم از کم 80 گھنٹے کام کرنے والے ملازمین کو ملازم کی پسند پر کسی بھی وجہ سے بامعاوضہ چھٹی (Paid Leave, PL) کا استعمال کرنے کی اہلیت فراہم کرنی چاہیے۔

**بامعاوضہ چھٹی اور محفوظ چھٹی:** *طبی یا حفاظتی وجوہات سے بامعاوضہ چھٹی کی ضرورت ہے **(MCC 6-130)***
آجروں کو 120 دن کی کسی بھی مدت کے اندر کم از کم 80 گھنٹے کام کرنے والے ملازمین کو ملازمین اور ان کی فیملی کے ممبران دونون کے لیے طبی یا حفاظتی وجوہات سے بامعاوضہ بیماری کی چھٹی (Paid Sick Leave, PSL) کا استعمال کرنے کی اہلیت فراہم کرنی چاہیے۔

## تعریفات

**بینیفٹ کا سال** کا مطلب ہے 12 ماہ کی وہ مدت جو آجر کسی ملازم کے لیے بیماری کی چھٹی اور بامعاوضہ بیماری کی چھٹی کی مراعات موصول کرنے کے لیے طے کر تا ہے۔

**محیط ملازم** کوئی بھی ایسا شخص ہے جو شکاگو کی جغرافیائی حدود کے اندر کسی بھی 120 دن کی مدت کے اندر کم از کم 80 گھنٹے کام کرتا ہے۔

**آجر** شکاگو میں کام کرنے والے ایک یا زائد ملازمین رکھنے والا کوئی بھی شخص ہے۔

**فیملی ممبر** اس محیط ملازم کا بچہ، قانونی سرپرست، یا وارڈ، کسی بھی ریاست کے قوانین کے تحت شریک حیات، گھریلو پارٹنر، والدین، شریک حیات یا گھریلو پارٹنر کے والدین، سگے بھائی بہن، دادا دادای، پوتے پوتیاں، یا کوئی بھی دیگر ایسا شخص جس کا محیط ملازم سے خون کا رشتہ ہو یا جس کی اس سے قریبی وابستگی ہو فیملی کے رشتے کے برابر ہے

## پے آؤٹ کے مقاصد سے آجر کے سائز کی تعریف

**بڑا آجر** کا مطلب ہے ایسا آجر جو 101 یا زائد محیط ملازمین کو بحال کرتا ہے

**متوسط آجر** کا مطلب ہے ایسا آجر جو 51 اور 100 کے بیچ محیط ملازمین کو بحال کرتا ہے

**چھوٹا آجر** کا مطلب ہے ایسا آجر جو 1 اور 50 کے بیچ محیط ملازمین کو بحال کرتا ہے

نوٹ: عالمی سطح کے ملازمین نہیں بلکہ صرف شکاگو کے ملازمین کو ان تعریفات کے مقصد سے شمار کیا جاتا ہے کیونکہ وہ بامعاوضہ چھٹی کے پے آؤٹ پر لاگو ہوتے ہیں۔

| کون محیط ہے؟ | انتقامی کارروائی مخالف | ہم کیا کرتے ہیں |
|---|---|---|
| شکاگو کے آرڈیننسز شکاگو کی جغرافیائی حدود میں کام کرنے والے ملازمین کا، ان کے ترک وطن کی حیثیت، اور ان کے آجر کے مقام سے قطع نظر، احاطہ کرتے ہیں۔ اگر آپ کی شکایت یا مخصوص صورتحال OLS کی عملداری کے تحت نہیں آتی ہے تو، ہم اعانت کے لیے آپ کو مناسب ایجنسی کے پاس ریفر کریں گے۔ | کسی بھی آجر کے لیے شکاگو کے محنت قوانین کے تحت کوئی حق بروئے کار لانے لیے کسی فرد کے خلاف انتقامی کارروائی کرنا یا کوئی ناموافق اقدام کرنا غیر قانونی ہے۔ اس کا اطلاق قانون کے کسی التزام، یا اس کے تحت مشتہر کسی قانون کے بارے میں انکشاف، اس کی رپورٹ یا اس کی تفتیش کرنے والے کسی بھی شخص پر ہوتا ہے۔ | • شکایات کی تفتیش<br>• کارکنان کو آؤٹ ریچ اور تعلیم فراہم کرنا<br>• آجروں کو آؤٹ ریچ اور تعلیم فراہم کرنا<br>• وسائل اور حوالے<br>• **تمام خدمات مفت ہیں** |

# شکاگو بامعاوضہ چھٹی اور بامعاوضہ بیماری چھٹی کا حقائق نامہ

## چھٹی جمع ہونا

### جمع ہونےکی شرح

محیط ملازم کیے گئے کام کے ہر 35 گھنٹے کے لیے **1 گھنٹہ کی بامعاوضہ چھٹی** (ایک بینیفٹ سال میں 40 گھنٹے (5 دن) تک) کماتا ہے

اور

کیے گئے کام کے ہر 35 گھنٹے کے لیے **1 گھنٹہ کی بامعاوضہ بیماری کی چھٹی** (ایک بینیفٹ سال میں 40 گھنٹے (5 دن) تک) کماتا ہے

### جمع کرنے کا طریقہ

محیط ملازم نے جتنے وقت تک کام کیے ہیں ان کی مقدار کی بنیاد پر وہ بامعاوضہ چھٹی اور بامعاوضہ بیماری کی چھٹی حاصل کرتے ہیں۔

*منظر نامے:*

- ملازم "A" ہفتے میں 40 گھنٹے کام کرنے والے ایک کل وقتی ملازم کو ہر ہفتے 1.14 گھنٹے PL اور PSL حاصل ہوگا۔ *نوٹ انہیں 40 گھنٹے فی بینیفٹ سال کے لحاظ سے کیپ کیا جا سکتا ہے۔
- ملازم "B" ہفتے میں 20 گھنٹے کام کرنے والے ایک کل جز وقتی ملازم کو .57 گھنٹے PL اور PSL فی ہفتہ حاصل ہوگا، اور وہ بینیفٹ سال کے کیپ پر پورا نہیں اترے گا۔

### فرنٹ لوڈنگ کا طریقہ

بینیفٹ سال کے آغاز میں ایک محیط ملازم کو آرڈیننس کے کم از کم تقاضوں (PL کے 40 گھنٹے اور/یا PSL کے 40 گھنٹے) کو پورا کرنے والی بینیفٹ سال کی قیمت کی چھٹی دینا۔

*منظر نامے:*

- ملازم "A" کو ہر 1 جنوری کو 40 گھنٹے کی PL اور 40 گھنٹے کی PSL منظور کی جاتی ہے اور اسے فوری طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- ملازم "B" کو جز وقتی ملازم کے بطور بحال کیا گیا ہے اور اسے 30 گھنٹے کی PL اور 30 گھنٹے کی PSL دی جاتی ہے کیونکہ ان سے بینیفٹ سال میں صرف 1,050 گھنٹے کام کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔

### ملے جلے حساب کتاب کا طریقہ

آجر جمع شدہ اور فرنٹ لوڈڈ طریقوں کو ملانے اور استعمال کرنے کا انتخاب کر سکتا ہے۔ مثلاً، کل وقتی ملازمین فرنٹ لوڈنگ والا طریقہ استعمال کرتے ہیں جبکہ جز وقتی ملازمین جمع ہونے کا طریقہ استعمال کرتے ہیں؛ یا سبھی ملازمین کے لیے بامعاوضہ چھٹی فرنٹ لوڈ ہوتی ہے، اور بامعاضہ بیماری کی چھٹی جمع ہوتی ہے۔

## چھٹی کا استعمال

### چھٹی استعمال کرنے کی وجہ

بامعاوضہ چھٹی محیط ملازم کی پسند پر کسی بھی وجہ سے استعمال کی جا سکتی ہے۔

بامعاوضہ بیماری کی چھٹی محیط ملازم کے ذریعے استعمال کی جا سکتی ہے:

- معمول کی یا تدابی طبی نگہداشت میں جانے یا اسے حاصل کرنے کے لیے
- بیماری سے صحت بات ہو نے کے لیے
- فیملی ممبر کی دیکھ بھال کرنے کے لیے
- گھریلو تشدد کے حالات سے نمٹنے کے لیے
- صحت عامہ کی ایمرجنسی کے جواب میں

### بامعاوضہ چھٹی (PAID LEAVE, PL)

محیط ملازم 1 جولائی 2024 کو یا اپنی ملازمت کے پہلے دن (جو بھی تاریخ بعد میں ہو) PL حاصل کرنا شروع کرتا ہے۔

محیط ملازم 1 جولائی 2024 کے **<u>90 دن</u>** بعد، یا اپنی ملازمت کے آغاز سے **<u>90 دن</u>** بعد (جو بھی تاریخ بعد میں ہو) PL استعمال کرنے کی درخواست کر سکتا ہے۔

### بامعاوضہ بیماری کی چھٹی (PAID SICK LEAVE, PSL)

محیط ملازم 1 جولائی 2024 کو یا اپنی ملازمت کے پہلے دن (جو بھی تاریخ بعد میں ہو) PL حاصل کرنا شروع کرتا ہے۔

محیط ملازم 1 جولائی 2024 کے **<u>30 دن</u>** بعد، یا اپنی ملازمت کے آغاز سے **<u>30 دن</u>** بعد (جو بھی تاریخ بعد میں ہو) PSL استعمال کرنے کی درخواست کر سکتا ہے۔

### اقل استعمال میں اضافے

بامعاوضہ چھٹی - آجر اقل استعمال میں ایک اضافہ طے کر سکتا ہے جو **<u>4 گھنٹے</u>** سے تجاوز نہیں کر سکتا۔

بامعاوضہ بیماری کی چھٹی - آجر اقل استعمال میں ایک اضافہ طے کر سکتا ہے جو **<u>2 گھنٹے</u>** سے تجاوز نہیں کر سکتا۔

### استعمال کی اطلاع

- بامعاوضہ چھٹی - آجر PL کے استعمال کے لیے دستاویزی شہادت طلب نہیں کر سکتا؛ تاہم آجر کاروباری اعمال کا تسلسل یقینی بنانے کے لیے پیشگی منظوری کی پالیسی طے کر سکتا ہے۔
- بامعاوضہ بیماری چھٹی - اگر استعمال قابل قیاس ہو تو آجر 7 دن تک کے نوٹس کا تقاضا کر سکتا ہے۔ ملازم کی طرف سے لگاتار 3 کاروباری دنوں تک PSL کا استعمال کیے جانے کے بعد ہی دستاویزی شہادت طلب کی جا سکتی ہے۔

## کیری اوور اور پے آؤٹ

### بامعاوضہ چھٹی کا کیری اوور

کوئی محیط ملازم **<u>16 گھنٹے</u>** (*2 دن) تک کی جمع شدہ اور غیر استعمال شدہ بامعاوضہ چھٹی ایک بینیفٹ سال سے دوسرے سال میں کیری اوور کر سکتا ہے۔

**نوٹ:** اگر بامعاوضہ چھٹی بینیفٹ سال کے آغاز میں فرنٹ لوڈ نہیں کی جاتی ہے تو، آجر کیری اوور کرنے کی اجازت نہیں دینے کا انتخاب کر سکتا ہے۔

### بامعاوضہ چھٹی کا پے آؤٹ

جمع شدہ اور غیر استعمال شدہ بامعاوضہ چھٹی (چاہے جمع ہو کر یا فرنٹ لوڈ ہو کر ملی ہو) ملازمت کے اختتام کے وقت لازماً ادا کی جائے۔

- بڑے آجر کے لیے مطلوب ہے
- متوسط آجر کے لیے 16 گھنٹے (*2 دن) تک کی حد 1 جولائی 2025 تک، اس تاریخ کے بعد پوری رقم۔
- چھوٹے آجر کے لیے مطلوب نہیں ہے

**نوٹ:** پے آؤٹ کی مقدار آرڈیننس کے ذریعہ لازمی قرار دی گئی وقت کی مقدار تک محدود ہے۔

### بامعاوضہ چھٹی کا کیری اوور

کوئی محیط ملازم **<u>80 گھنٹے</u>** (*10 دن) تک کی جمع شدہ اور غیر استعمال شدہ بامعاوضہ بیماری کی چھٹی ایک بینیفٹ سال سے دوسرے سال میں کیری اوور کر سکتا ہے۔

**نوٹ:** کیری اوور کا یہ التزام بامعاوضہ بیماری کی چھٹی کے لیے جمع شدہ اور فرنٹ لوڈڈ طریقے دونوں پر لاگو ہوتا ہے۔

### بامعاوضہ بیماری کی چھی کا پے آؤٹ

بامعاضہ بیماری کی چھٹی کا پے آؤٹ آرڈیننس کے ذریعہ مطلوب نہیں ہوتا ہے الّا یہ کہ اجتماعی سواد کاری کردہ معاہدہ (Collectively Bargained Agreement) کی رو سے لازمی قرار دیا گیا ہو۔

## آجر کی پالیسیاں اور ریکارڈ رکھنا

*آرڈیننس کے تحت ریکارڈ کے تقاضے جو آجروں کو سنبھال کر رکھنا ضروری ہے صرف ان محیط ملازمین پر لاگو ہوتے ہیں جن کے کام کے مستقل فرائض سٹی کی جغرافیائی حدود کے اندر ہوتے ہیں۔*

### آجر کی پیشگی منظوری کی پالیسیاں

محیط ملازمین کو معلوم ہونا چاہیے کہ وہ کہاں کھڑے ہیں اور انہیں منصوبے بنانے پر قادر ہونا چاہیے۔
آجر کی آپریشنل ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے دی گئی بامعاوضہ چھٹی کی درخواست سے انکار میں متعلقہ عوامل پر غور کرنا چاہیے جیسے:

- مخصوص وقت کے دوران بامعاوضہ چھٹی دینے سے کاروباری اعمال پر نمایاں طور پر اثر پڑے گا
- کیا آجر شکاگو کے لوگوں گی صحت، سلامتی، یا بہبود کے لیے اہمیت رکھنے والی ضرورت یا خدمت فراہم کرتا ہے
- کیا اسی طرح کی صورتحال والے ملازمین ایسا ہی برتاؤ کرتے ہیں (بامعاوضہ چھٹی کے جائزہ، منظوری اور انکار کے سلسلے میں)
- کیا محیط ملازم بینیفٹ سال کے دوران جس ساری بامعاوضہ چھٹی کے مستحق ہیں انہیں استعمال کرنے کے لیے بامعنی رسائی رکھتے ہیں

### ریکارڈ رکھنے کے تقاضے

آجروں پر درج ذیل ریکارڈوں کو <u>کم از کم 5 سال</u> کی مدت تک سنبھال کر رکھنا ضروری ہے:

- محیط ملازمین کے برسر ملازمت رہنے کے دوران ان کا نام اور رابطے کی معلومات (ڈاک کا پتہ، فون نمبر، ای میل پتہ)
- تاریخ آغاز؛ اور اختتام کی تاریخ اگر قابل اطلاق ہو
- نوکری کی درجہ بندی اور عہدہ/عہدے (جیسے کل وقتی، جز وقتی، موسمی)
- کیے گئے کام کے گھنٹے
- ادائیگی کی شرحیں
- کمائے ہوئے اور استعمال کردہ بامعاوضہ چھٹی اور بامعاوضہ بیماری کی چھٹی کے گھنٹے
- بامعاوضہ چھٹی اور/یا بامعاوضہ بیماری کی چھٹی کا استعمال کرنے کے لیے محیط ملازم کی طرف سے درخواستیں
- بامعاوضہ چھٹی اور/یا بامعاوضہ بیماری کی چھٹی کے باقی ماندہ بلینس

### دستیاب چھٹی کی تحریری اطلاع

اجرتیں ادا کیے جانے کے وقت آجر کو فراہم کرنا ہے۔ اطلاع میں شامل ہونی چاہیے:

- جمع شدہ چھٹی جو پچھلی اطلاع کے بعد سے حاصل ہوئی (حاصل ہونے کا وقت)
- وہ چھٹی جو پچھلی اطلاع کے بعد سے استعمال ہوئی تھی (اگر کوئی ہو)
- استعمال کرنے کے لیے دستیاب چھٹی

معقول طریقوں سے فراہم کی جا سکتی ہے

- ادائیگی کی پرچیاں
- آن لائن سسٹمز جن میں ملازمین خود اپنی معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں
- ایک علیحدہ تحریری نوٹس